تیس سالہ نیو مسلم کے لیے ختنہ ضروری ہے

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک ہندو نے ابھی اسلام قبول کیا ہے اس کی عمر 30 سال ہے کیا اس کو ختنہ کرنا ضروری ہے یا وہ اس کے بغیر بھی رہ سکتا ہے اور اس کام کے لیے کسی ڈاکٹر کے سامنے ستر کھول سکتا ہے؟ حنفی فقہ اس بارے میں کیا کہتی ہے۔

سائل: زبیر فرام انڈیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھابِ اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر وہ نیو مسلم ختنہ پر قادر ہے تو ضرور کرے کمافی الفتاوی الرضویہ۔ کیونکہ حدیث میں آیا کہ ایک صاحب نے حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: الق عنک شعر الکفر ثم اختتن-زمانہ کفر کے بال اتار پھر اپنا ختنہ کر۔

(السنن ابی داؤد کتاب الطھارۃ باب الرجل یسلم فیؤ بالغسل آفتاب عالم پریس لاہور ۱/ ۵۲)

اگر خود کر سکتا ہو تو خود اپنے ہاتھ سے ختنہ کرلے اور اگر خود نہیں کر سکتا تو کوئی عورت جو اس کام کو کر سکتی ہو اس سے نکاح ممکن ہو تو اس سے نکاح کرلے اور وہ ختنہ کردے، اس کے بعد چاہے تو اس عورت کو چھوڑ دے اور اگر ان دونوں صورتوں پر عمل ناممکن ہو تو ڈاکٹر سے ختنہ کرالے کیونکہ ایسی ضرورت کے لئے ستر دیکھنا دکھانا منع نہیں ہے۔

جیساکہ درمختار میں ہے: ینظر الطبیب الی موضع مرضھا بقدر الضرورۃ اذ الضرورات تتقدر بقدر ھاوکذا نظر قابلۃ وختان: ضرورت کے وقت بقدرِ ضرورت ڈاکٹر مرض کی جگہ (خواہ وہ جائے پردہ ہو) کو دیکھ سکتا ہے اور قدر ضرورت محض اندازے سے ہوگی۔ اسی طرح دایہ اور ختنہ کرنے والے کا معاملہ ہے۔

(درمختار کتاب الحظر والاباحۃ باب النظر والمس مطبع مجتبائی دہلی ۲/ ۲۴۲)

سیدی اعلی حضرت فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں کہ اگر خود کر سکتا ہو تو آپ اپنے ہاتھ سے کرلے یا کوئی عورت جو اس کام کو کر سکتی ہو ممکن ہو تو اس سے نکاح کرا دیا جائے وہ ختنہ کردے، اس کے بعد چاہے تو اسے چھوڑ دے یا کوئی کنیز شرعی واقف ہو تو وہ خریدی جائے۔ اور اگر یہ تینوں صورتیں نہ ہو سکیں تو حجام ختنہ کردے کہ ایسی ضرورت کے لئے ستر دیکھنا دکھانا منع نہیں۔

[فتاوی رضویہ ج۲۲ ص ۵۹۴]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Question

What do the Ulamā of the noble Sharī'ah say regarding this matter that a Hindu has recently accepted Islām and he is 30 years of age. Is it necessary for him to get circumcised or can he remain in a state where he is not? Also, for this act, is it permissible to reveal one's sitr (nakedness) in front of a doctor? What does Hanafi Fiqh say regarding this issue.

Question received from Zubayr (India)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

If this new Muslim is capable of getting circumcised then he should definitely get it done as is mentioned in Fatāwah Ridwiyyah, It is mentioned in a Hadīth that a man accepted Islām in the glorified presence of the Prophet ﷺ. The Prophet ﷺ then said to him,"Remove the hair you had at the time of disbelief then get circumcised"

[Sunan Abū Dawūd Kitāb al-Tahārah]

If he can do this himself then he should do it with his own hands. If he cannot circumcise himself then, if it is possible, he should marry a woman who is capable of performing this circumsicion. After it is completed, if he wishes, the man may leave the woman and if it is not possible to act upon these two options then he should get circumcised by a doctor as it is not forbidden for one to reveal his sitr [those parts of the body which must be covered] for a necessity like this.

It is mentioned in al-Durr al-Mukhtār:

A doctor can look at the required area [even if it is a place that is usually covered] according to the amount that is needed, as necessities permit matters proportionally. Likewise is the looking of a midwife and the one who circumcises others.

[al-Durr al-Mukhtār Kitāb al-Hadhr wa al-Ibāhah]

My master A'la Hazrat (may Allāh cover him in His mercy) has stated in Fatāwah Ridwiyyah that if one can circumcise himself then he should do so with his own hands. Or, if possible, he should marry a woman who can do it for him, and if he wills, he may leave the woman after it is completed. Alternatively, if he is aware of legal slave-girl he may purchase her. If these three cases cannot be acted upon then a barber should circumcise him because for a need like this, it is not prohibited for one to show or gaze upon the sitr.

[Fatāwa Ridwiyyah Volume 22 Page 592]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri